پریس ریلیز

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اورکزئی نے ہمراہ سینئر سول جج اورکزئی مورخہ 09 اپریل 2024 کو ذیلی جیل اورکزئی بمقام بابر میلہ ہنگو کا قبل از عیدالفطر دورہ / معائنہ کیا چونکہ معمولی نوعیت کے مقدمات میں ملوث ملزمان کے مقدمات عیدالفطر کی آمد کے پیش نظر پہلے سے فیصلہ کیے گئے تھے لہذا بدوران معائنہ معمولی نوعیت کے مقدمات میں ملوث کوئی بھی حوالاتی پابند سلاسل نہ پایا گیا۔ مزید بر آں جیل میں تمام 29 قیدیوں / حوالاتیوں کو ان کے مقدمات میں پیش رفت سے آگاہ کیا گیا جبکہ کوئی بھی قیدی کسی معمولی جرم میں قید نہ تھا۔ علاوہ ازیں جیل سپرنٹنڈنٹ کو ہدایت جاری کی گئیں کہ تمام قیدیوں کو جیل مینئول کے مطابق تمام سہولیات فراہم کی جانی چاہئے اور ان کی اصلاح کیلئے تربیتی نشستوں کا اہتمام بلا تعطل کیا جائے۔ مزید بر آں جوڈیشل مجسٹریٹ کو ہدایت کی گئی کہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ تمام حوالاتیوں کے چالان کو معینہ مدت کے اندر اندر عدالت میں جمع کیا جائے تا کہ مقدمات کو بلا تاخیر نمٹایا جائے۔

مورخہ: 09 اپریل، 2024

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اورکزئی